Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination - December - 2017

Paper : MAUR103CCT : Dastaan

پرچہ : داستان

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ”داستان کہانی کی طویل پیچیدہ اور بھاری بھرکم صورت ہے“۔ یہ کس کا قول ہے؟

(a) شمس الرحمٰن فاروقی (b) گیان چند جین (c) ڈاکٹر جمیل جالبی (d) کلیم الدین احمد

(ii) قصہ ”حسن و دل“ کے مصنف کون ہیں؟

(a) ملا وجہی (b) ابن نشاطی (c) فخر دین نظامی (d) محمد یحییٰ ابن سیبک فتاحی نیشاپوری

(iii) سب رس کا سنہ تصنیف کیا ہے؟

(a) 1729ء (b) 1054ھ (c) 1635ء (d) 1659ء

(iv) جاتک کہانیاں کس سے متعلق ہیں؟

(a) مہاویر جین (b) گوتم بدھ (c) رام چندر جی (d) کرشن جی

(v) ذیل میں طبع زاد داستان کون سی ہے؟

(a) سب رس (b) فسانۂ عجائب (c) نوطرز مرصع (d) باغ و بہار

(vi) ”زبانی بیانیہ، بیان کنندہ اور سامعین“ کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) شمس الرحمٰن فاروقی (b) گیان چند جین (c) وقار عظیم (d) کلیم الدین احمد

(vii) فورٹ ولیم کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟

(a) 1800ء (b) 1803ء (c) 1804ء (d) 1810ء

(viii) مقفٰی و مسجع عبارت کے نمونے کس داستان میں زیادہ ملتے ہیں۔

(a) باغ و بہار (b) فسانۂ آزاد (c) فسانۂ عجائب (d) آرائش محفل

(ix) داستان رانی کیتکی کے اسلوب کا خاص وصف کیا ہے؟

(a) عربی و فارسی آمیز (b) سنسکرت الفاظ کا کثرت سے استعمال

(c) عام بول چال اور عربی فارسی سے گریز (d) دکنی زبان سے آراستہ

(x) سب سے زیادہ داستانیں کس کالج میں لکھی یا ترجمہ کی گئیں؟

(a) سینٹ جارج کالج (b) دلی کالج (c) فورٹ ولیم کالج (d) محمڈن اینگلو اورینٹل کالج

حصہ دوم

2. داستان کے اجزائے ترکیبی کا تجزیہ کیجیے۔

3. داستانوں کو اردو ادب کا قیمتی سرمایہ کیوں کہا جاتا ہے؟ واضح کیجیے۔

4. داستانوں کے عروج و زوال کے اسباب کا مختصراً جائزہ لیجیے۔

5. ''سب رس'' کے تمثیلی عناصر کی معنویت کو اجاگر کیجیے۔

6. ''باغ و بہار'' کے دوسرے درویش کا قصہ اپنے الفاظ میں مختصر بیان کیجیے۔

7. انشاءاللہ خاں کی نثری خدمات کا جائزہ لیجیے۔

8. ''فسانہ عجائب'' کے قصے کا خلاصہ لکھیے اور پلاٹ کی خصوصیات پر تبصرہ کیجیے۔

9. درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے۔

(a) پرانوں کی کہانیاں (b) جاتکا کہانیاں (c) حکایات (4) تمثیلی کہانیاں

حصہ سوم

10. اردو میں داستانوں کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

11. اردو کے نثری ادب میں ''سب رس'' کے مقام کا تعین کیجیے۔

12. ''رانی کیتکی کی کہانی'' کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

13. ''باغ و بہار'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

14. ''فسانہ عجائب'' کی لسانی اور تہذیبی خصوصیات مفصل بیان کیجیے۔

☆☆☆